گانا بجانا (قرآن و سنت کی روشنی میں)

مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب نے یہ رسالہ مرتب فرمایا ہے۔ اور پاک ثقافت زیر جامع مسجد ایبٹ آباد نے اسے شائع کیا ہے۔ یہ رسالہ دراصل ایک کتاب "اسلام اور موسیقی" کے جواب میں لکھا گیا ہے۔ فاضل مصنف نے قرآن مجید، احادیث نبوی اور مسلمانوں کے ہر فرقے کے علمائے کرام کے حوالوں سے ثابت کیا ہے۔ اسلام گانے بجانے کو حرام قرار دیتا ہے۔ اور "لهو الحدیث" کے حکم میں داخل ہے۔ مولانا موصوف نے ان لوگوں کو جو مسلمانوں میں گانے بجانے کی ترویج کے داعی ہیں، قرآن مجید کی اس آیت سے متنبہ فرمایا ہے۔ ان الذین یحبون ان تشیع الفاحشۃ فی الذین آمنوا لھم عذاب الیم فی الدنیا والاخرۃ واللہ یعلم وانتم لا تعلمون۔

جمال صابر کلیریؒ — مرتبہ مولوی وحید احمد مسعود صاحب

یہ کوئی ۹۸ صفحے کا رسالہ ہے، جس میں مصنف نے حضرت مخدوم علاء الدین علی احمد صابر کلیری رحمۃ اللہ علیہ کے صحیح صحیح حالات جمع کرنے کی کوشش کی ہے۔ موصوف لکھتے ہیں کہ حضرت مخدوم صابر کلیری کی آج تک کوئی سوانح عمری نہیں لکھی گئی۔ اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ معاصرین نے ان کا ذکر نہیں کیا، اور ان کے بارے میں جو تذکرے ملتے ہیں، وہ ان کے وصال سے چار سو سال بعد لکھے گئے اور وہ محض فرضی ہیں۔

مولوی وحید احمد مسعود صاحب نواب قطب الدین خاں کوکہ کی اولاد میں سے ہیں، جن کا تعلق بابا فرید الدین گنج شکرؒ اور حضرت بدر الدینؒ کی شاخ سے ہے۔ موصوف کے خاندان میں برسہا برس سے بابا گنج شکر کے تبرکات محفوظ ہیں، اور موصوف ہی اس وقت ان کے محافظ ہیں۔

زیر نظر رسالہ نظامی پریس بدایوں (یوپی) نے چھاپا ہے اور قیمت ایک روپیہ ہے۔

جہاد انگیز اور امن افزا مکتوب — الجہاد — ایک نہایت ہی اہم مکتوب

گوجرانوالہ (مغربی پاکستان) کے دار العلوم نعمانیہ نے یہ رسائل شائع کئے ہیں۔ اس کے علاوہ اس کی طرف سے اور بھی متعدد رسالے شائع ہوئے ہیں جو "اسلامی تبلیغی لٹریچر" کے طور پر مفت تقسیم ہوتے ہیں۔ دار العلوم کے مہتمم مولانا ابو احمد عبداللہ صاحب ہیں اور مذکورہ بالا رسائل انہی کے مرتب کردہ ہیں۔ صاحب موصوف کا تبلیغ اسلام کا یہ جذبہ واقعی قابل تعریف ہے اللہ تعالیٰ انہیں اور ہمت دے۔ دار العلوم کے شائع کردہ رسائل ہر موضوع پر ہیں لیکن کیا یہ بہتر نہیں کہ بجائے اپنی دعوت کو اس قدر عمومی بنانے کے وہ پوری توجہ اپنے اردگرد کے مسئلوں پر دیں، اور ان کے بارے میں عام مسلمانوں کی ٹھوس رہنمائی کریں۔ (ا۔ س)